# مغرب کے بعد سورۂ ملک یا سورۂ واقعہ پڑھنا

**مجیب:** مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-1190

**تاریخ اجراء:** 12 جمادی الاولٰی 1445ھ / 27 نومبر 2023ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا مغرب کے بعد اور عشاء کی جماعت سے پہلے سورہ ملک اور سورہ واقعہ پڑھنا ٹھیک ہے؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

مغرب و عشاء کے درمیان سورہ ملک اور سورہ واقعہ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ان دونوں سورتوں کی رات میں تلاوت کی فضیلت احادیث مبارکہ بیان کی گئی ہے اور رات مغرب سے شروع ہو جاتی ہے لہٰذا مغرب کے بعد پڑھنے کی صورت میں رات والی فضیلت بھی حاصل ہو جائے گی۔

چنانچہ حضرتِ سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں: "يؤتى الرجل في قبره فتؤتى رجلاه فتقول رجلاه: ليس لكم على ماقبلي سبيل انه كان يقرأ سورة الملك ثم يؤتى من قبل صدره أو قال بطنه فيقول: ليس لكم على ماقبلي سبيل كان يقرأ سورة الملك ثم يؤتى من قبل رأسه فيقول: ليس لكم على ماقبلي سبيل انه كان يقرأ سورة الملك۔ فهي المانعة تمنع من عذاب القبر وهي في التوراة سورة الملك من قرأها في ليلة فقد أكثر وأطيب" یعنی جب بندہ قبر میں جائے گا تو عذاب اس کے قدموں کی جانب سے آئے گا تو اس کے قدم کہیں گے تیرے لئے میری طرف سے کوئی راستہ نہیں کیونکہ یہ سورۂ ملک پڑھا کرتا تھا۔ پھر عذاب اس کے سینے یا پیٹ کی طرف سے آئے گا تو وہ کہے گا کہ تمہارے لئے میری جانب سے کوئی راستہ نہیں کیونکہ یہ سورہ ملک پڑھا کرتا تھا، پھر وہ اس کے سر کی طرف آئے گا تو سر کہے گا کہ تمہارے لئے میری طرف سے کوئی راستہ نہیں کیونکہ یہ سورۂ ملک پڑھا کرتا تھا۔ تو یہ سورت روکنے والی ہے، عذاب قبر سے روکتی ہے، توراۃ میں اس کا نام سورۂ ملک ہے جس نے اسے رات میں پڑھا، تو اس نے بہت زیادہ اور اچھا عمل کیا۔ (الجامع لشعب الایمان، الجزء الرابع، صفحہ 125، الحدیث: 2279، مطبوعہ: ریاض)

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”من قرافی کل لیلۃ ”اذا وقعت الواقعۃ“ لم تصبہ فاقۃ ابدا“ یعنی جو شخص روزانہ رات کے وقت ”اذا وقعت الواقعۃ“ (یعنی سورۂ واقعہ) پڑھے تو وہ فاقے سے ہمیشہ محفوظ رہے گا۔ (شعب الایمان، جلد2، صفحہ492، الحدیث:2500، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net